cfa.vic.gov.au/languages

آگ کے خطرے کا زمانہ
(Fire Danger Period)
یا آگ جلانے پر مکمل پابندی
(Total Fire Ban)

ان میں کیا فرق ہے؟

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Periods)، آگ کے خطرے کی ریٹنگز (Fire Danger Ratings)، وارننگز اور آگ جلانے پر مکمل پابندی (Total Fire Bans) - ان کا کیا مطلب ہے؟

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Periods)

آگ کے خطرے کا زمانہ (Fire Danger Period) وہ وقت ہے جب CFA سال کے زیادہ گرم حصے میں آگ کے استعمال پر پابندیاں لگاتی ہے۔ اس پابندی سے آگ لگنے کی روک تھام ہوتی ہے۔ آگ کے خطرے کا زمانہ (Fire Danger Period) کئی مہینوں تک چل سکتا ہے اور ہر لوکل گورنمنٹ ایریا (شائر یا کاؤنسل) میں اس زمانے کے آغاز اور اختتام کی تاریخ مختلف ہوتی ہے۔ یہ تاریخیں بارش کی مقدار، سبزے کی خشکی اور دوسرے مقامی حالات پر منحصر ہوتی ہیں۔

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن (Total Fire Ban Days)

جب آگ کا خطرہ بہت زیادہ ہو تو ایک دن یا کئی دنوں کے لیے **آگ جلانے پر مکمل پابندی** (Total Fire Bans) کا اعلان کیا جاتا ہے۔ آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دنوں (Total Fire Ban days) میں ہر قسم کی آگ* کی ممانعت ہوتی ہے۔

آگ کے خطرے کی ریٹنگز (Fire Danger Ratings)

آگ کے خطرے کی ریٹنگز (Fire Danger Ratings) سے پتہ چلتا ہے کہ اگر آگ لگ گئی تو یہ کتنی خطرناک ہو گی۔ آپ ان ریٹنگز کی بنیاد پر فیصلہ کرتے ہیں کہ خود کو اور دوسروں کو بش فائر اور گھاس کی آگ سے محفوظ رکھنے کے لیے آپ کو کونسے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

وارننگز

آگ لگنے کی صورت میں آپ کو وارننگز سے اس بارے میں پتہ چلتا ہے لہذا وارننگز پر توجہ دیں، خاص طور پر گرم اور خشک دنوں میں جب تیز ہوا چل رہی ہو۔

cfa.vic.gov.au/aboutfiredangerperiod** دیکھیں۔

*بعض محدود حالات میں جہاں آگ کا استعمال ضروری ہو، ایک خاص Total Fire Ban پرمٹ دستیاب ہے۔ درخواست دینے کے متعلق تفصیلات کے لیے CFA کی ویب سائیٹ دیکھیں۔ حالیہ درست Total Fire Ban پرمٹ کے بغیر آپ کو آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دنوں(Total Fire Ban Days) میں آگ کے استعمال پر جرمانہ ہو سکتا ہے۔

**صرف انگلش زبان میں ہی دستیاب ہے۔

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

مل کر، ہم آگ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔